© rasailojaraid.com



## ۲۔ ڈیجیٹل اشاریہ:

جناب رؤف احمد صاحب، لائبریرین، ادارۂ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی اسلام آباد (پاکستان) نے تحقیقات اسلامی کے پینتیس (۳۵) برسوں (۱۹۸۲ئ۔ ۲۰۱۶ئ) کے ایک سو چالیس (۱۴۰) شماروں کا ڈیجیٹل کلکشن تیار کیا ہے۔اس میں عناوین، مصنفین اور موضوعات کے اعتبار سے سرچ کی سہولت موجود ہے۔ اس میں مطلوبہ مقالہ کو ڈاؤن لوڈ کرنے کی بھی سہولت ہے۔ اس سے استفادہ کے خواہش مند پہلے اسے اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کریں exported_TII.rar، پھر اسے extract کر کے readme فائل کو فالو کریں۔کوئی دشواری پیش آئے تو جناب رؤف احمد صاحب سے س نمبر پر رابطہ کریں: +92-334-5453551

## ۳۔ تراجم:

جناب عبدالودود صاحب نے ۲۰۱۵ء میں ڈاکٹر فہیم الدین احمد کی نگرانی میں شعبۂ ترجمہ، اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات، مولانا آزاد نیشنل اردو یونی ورسٹی، حیدر آباد سے تحقیقات اسلامی میں مطبوعہ تراجم پر تحقیق کی ہے۔ ان کے مقالے کا عنوان ہے: 'سہ ماہی تحقیقات اسلامی علی گڑھ میں شائع شدہ تراجم کا تجزیاتی مطالعہ'۔ اس پر انھیں ایم فل کی ڈگری تفویض کی گئی۔

## ۴۔علوم اسلامیہ میں خدمات:

جناب کاشف رضا صاحب نے ۲۰۱۵ء میں پروفیسر ڈاکٹر شیر علی کی نگرانی میں جی سی یونی ورسٹی فیصل آباد (پاکستان) کے تحت 'تحقیقات اسلامی کی خدمات کا تجزیاتی مطالعہ' کے عنوان سے مقالہ تیار کیا ہے۔اس پر انھیں ایم فل (علوم اسلامیہ) کی ڈگری تفویض کی گئی ہے۔



© rasailojaraid.com